# 18-06-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔فرانس کے ساتھ معاشی تعاون کوفروغ دینے وزیراعظم نریندر مودی نے پیرس میں فرانسیسی تاجرین سے ملاقات کی ہے۔

۲۔چیف منسٹر ریونت ریڈی 30 جون کو کھمم میں رعیتو بھروسہ کے تحت مالی امداد تقسیم کریں گے۔

۳۔بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے پارٹی کے قومی صدر نتن نبین کو ریاستی عاملہ کے اجلاس میں شرکت کی دعوت دی ہے۔

۴۔تلنگانہ حکومت نے 21 جون کو منعقد ہونے والے نیٹ (NEET) امتحان میں شرکت کرنے والے طلبہ کیلئے ٹی جی ایس آر ٹی سی بسوں میں مفت سفر کی سہولت کا اعلان کیا ہے۔

VIVETECH:

وزیراعظم نریندر مودی فرانس کے دارالحکومت پیرس میں معروف فرانسیسی صنعت کاروں اور کاروباری رہنماؤں کے ساتھ اعلیٰ سطحی ملاقاتوں کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں۔ان ملاقاتوں کا مقصد ہندوستان اور فرانس کے درمیان اقتصادی اور صنعتی تعاون کو مزید مضبوط بنانا ہے۔وزیراعظم مودی آج شام فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون کے ہمراہ Vive Tech 2026 میں شرکت کریں گے۔اس موقع پر وہ متعدد اہم پروگراموں میں حصہ لیں گے اور ایک کلیدی خطاب بھی کریں گے جس میں ہندوستان کی تیزی سے ترقی کرتی ہوئی ڈیجیٹل معیشت اور عالمی سطح پر اس کے بڑھتے ہوئے اثر ورسوخ کو اجاگر کیا جائے گا۔Vive Tech یورپ کا سب سے بڑا ٹکنالوجی اور اسٹارٹ اپ ایونٹ ہے۔اس سال بھارت کا قومی پویلین سب سے بڑا ہوگا جو ہندوستانی اور یورپی اختراعی نظاموں کے درمیان شراکت داری کے وسیع امکانات کی علامت ہے۔

NSD

MAHABUBNAGAR:

محبوب نگر ضلع کی کلکٹر خوشبو گپتا نے سیاسی جماعتوں کے نمائندوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ووٹر لسٹ پر نظر ثانی کے عمل کو شفاف بنانے کے لئے بوتھ کی سطح کے عہدیداروں کے ساتھ کام کریں۔ جمعرات کو منعقدہ ایک جائزہ اجلاس میں انہوں نے بتایا کہ 25 جون سے 24 جولائی تک گھر گھر سروے کیا جائے گا جس میں 2002 کی ووٹر فہرست کے اعداد وشمار استعمال کئے جائیں گے۔ 30 جولائی تک پولنگ اسٹیشنوں کی از سر نو تنظیم مکمل ہوگی۔ 31 جولائی کو ابتدائی ووٹر فہرست جاری کی جائے گی جبکہ حتمی فہرست یکم اکتوبر کو شائع کی جائے گی۔

STRINGER/MBBN

RTC

تلنگانہ حکومت نے 21 جون کو منعقد ہونے والے نیٹ (NEET) امتحان میں شرکت کرنے والے طلبہ کے لئے ٹی جی ایس آر ٹی سی بسوں میں مفت سفر کی سہولت کا اعلان کیا ہے۔ وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے آر ٹی سی کے مینجنگ ڈائرکٹر وائی ناگی ریڈی کو ہدایت دی ہے کہ امتحان کے دن طلبہ کو امتحانی مراکز تک باآسانی پہنچانے کے لئے تمام ضروری انتظامات کئے جائیں۔ طلبہ اپنے نیٹ ہال ٹکٹ دکھا کر ریاست بھر میں مفت سفر کرسکیں گے جبکہ امتحانی مراکز کے راستوں پر اضافی بسیں بھی چلائی جائیں گی۔

PTC/HYD

POCSO

راجندر نگر کی خصوصی پوکسو عدالت نے 2019 میں ایک ساڑھے تین سالہ طالبہ کے ساتھ جنسی زیادتی کے جرم میں کراٹے کوچ کرن سائی کو 20 سال قید بامشقت کی سزا سنائی ہے۔ متاثرہ بچی نے اپنی دادی کو اس واقعہ کے بارے میں بتایا تھا جس کے بعد میاں پور پولیس نے افراد خاندان کی شکایت پر ملزم کو گرفتار کیا تھا۔ عدالت نے اس مقدمہ میں ثبوتوں سے چھیڑ چھاڑ اور ملزم کی مدد کرنے کے جرم میں پلے اسکول کی پرنسپل دیپیکا کو بھی تین سال قید کی سزا سنائی ہے۔

PTC/HYD

PONNAM

وزیرٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے ٹی جی ایس آر ٹی سی کی 30 ماہ کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لئے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی۔انہوں نے اعلان کیا کہ آر پی ایس 2021 کے تحت 11 فیصد فٹمنٹ کا نفاذ یکم جولائی سے کیا جائے گا اور آر ٹی سی یونین کے انتخابات شروع کرنے کی ہدایت دی۔وزیر نے متوفی ملازم شنکر کے خاندان کو فوری امداد فراہم کرنے کا حکم دیتے ہوئے ایک کروڑ روپے کا چیک، ایک ملازمت اور ایک مکان فراہم کرنے کی ہدایت دی۔انہوں نے بتایا کہ اب تک 2,815 نئی بسیں خریدی جا چکی ہیں اور ہمدردانہ بنیاد پر 1,137 سے زائد تقررات کئے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ ناگرکرنول، پداپلی اور ویملواڑہ سمیت مختلف مقامات پر بس ڈپو اور بس اسٹیشنوں کی تعمیر میں تیزی لانے کی ہدایت بھی دی گئی۔

PTC/HYD

VANA MAHOTSAVAM:

چیف منسٹر ریونت ریڈی آج شام گرم گوڈا ایکو پارک میں پودا لگا کر ونامہوتسو پروگرام کا افتتاح کریں گے۔وہ 35.50 کروڑ روپے مالیت کے ترقیاتی کاموں کا افتتاح اور سنگ بنیاد رکھیں گے جن میں گرم گوڈا ریزرو فارسٹ کے اندر 17.84 کروڑ روپے کے منصوبے شامل ہیں۔اس کے علاوہ چیف منسٹر مختلف اضلاع بشمول نظام آباد، میدک اور ورنگل میں 17.66 کروڑ روپے مالیت کے ایکو پارکس، شہری پارکس اور جنگلی حیات کے تحفظ سے متعلق بنیادی ڈھانچہ کا ورچول افتتاح بھی کریں گے۔

PTC/HYD

KENDRAM

جنگاؤں ضلع کے کلکٹر سندیپ کمار جھا نے مریگاڈی گاؤں میں ضلع کے پہلے آئی کے پی رعیتو سیوا کیندرم کا افتتاح کیا۔انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ معیاری بیج، کھاد اور زرعی ادویات

فروخت کی جائیں، تمام دکانوں کے لائسنس نمایاں طور پر آویزاں ہوں اور ای پی او ایس مشینوں کے ذریعہ لازمی رسیدیں فراہم کی جائیں۔ انھوں نے کہا کہ مؤثر انتظام کے ذریعہ ماہانہ 30 ہزار روپے تک منافع حاصل کیا جاسکتا ہے۔

PTC/JGN

BHADRACHALAM

بھدراچلم کے ڈی ایس پی ارون کمار کی رہنمائی میں بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے کوتھا پلی گاؤں میں 'کمیونٹی کنیکٹ' پروگرام منعقد کیا گیا۔ اس موقع پر بچوں میں گھریلو استعمال کی اشیاء اور تعلیمی کٹس تقسیم کی گئیں۔ ڈی ایس پی نے نقل مقام کرنے والے آدیواسی خاندانوں کی فلاح و بہبود کے لئے پولیس تعاون کا یقین دلایا۔ نوجوانوں کی تعلیم کی اہمیت پر زور دیا اور مقامی لوگوں سے اپیل کی کہ کسی بھی مشتبہ اجنبی شخص کی اطلاع فوری طور پر پولیس کو دیں۔

PTC/B.KGM

OU

عثمانیہ یونیورسٹی ایمپلائمنٹ بیورو، فورس 9 ایگزیکٹو سروس پرائیویٹ لمیٹڈ کے اشتراک سے 23 جون 2026 کو صبح 11 بجے ایک جاب میلہ منعقد کرے گا۔ یہ پروگرام آرٹس کالج کے سامنے منعقد ہوگا جس میں ٹرینی آپریشن ایگزیکٹو کے دس عہدوں پر بھرتی کی جائے گی۔ منتخب امیدواروں کو ماہانہ تنخواہ 35 ہزار روپے تک دی جائے گی۔ 26 سے 32 سال عمر کے مرد گریجویٹس اس میں شرکت کے اہل ہیں۔ امیدواروں کو اپنے تعلیمی اسناد کی فوٹو کاپیاں ساتھ لانا ہوں گی۔ مزید معلومات کے لئے ایچ آر اے ورما سے نمبر 9247526978 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

PTC/HYD

NEET

اب جبکہ ری نیٹ یو جی 2026 امتحان میں صرف تین دن باقی رہ گئے ہیں، نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی نے امیدواروں کو پرسکون رہنے اور اپنی تیاری پر اعتماد رکھنے کا مشورہ دیا ہے۔ ایجنسی نے یقین دلایا ہے کہ امتحان کا عمل محفوظ، منصفانہ اور شفاف ہوگا، جبکہ بدعنوانی اور نقل کی روک تھام کے لئے سخت حفاظتی اقدامات کئے گئے ہیں۔ امتحانی دباؤ یا ذہنی پریشانی کا سامنا کرنے والے امیدوار 'مانس' ہیلپ لائن نمبر 14416 پر ذہنی صحت سے متعلق مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ این ٹی اے نے عوام سے اپیل کی ہے کہ امتحان ملتوی ہونے کی افواہوں پر توجہ نہ دیں اور صرف سرکاری اعلانات پر بھروسہ کریں۔

NSD

FIFA

آج رات فیفا ورلڈ کپ 2026 کے گروپ اے کے ایک اہم مقابلے میں چیکیا کا سامنا جنوبی افریقہ سے اٹلانٹا اسٹیڈیم میں ہوگا۔ دونوں ٹیمیں اپنے پہلے پوائنٹس حاصل کرنے کی کوشش کریں گی۔ بعدازاں گروپ بی میں سوئزرلینڈ اور بوسنیا و ہرزیگووینا کے درمیان مقابلہ رات 12:30 بجے کھیلا جائے گا۔ حالیہ میچوں میں کولمبیا نے ازبکستان کو 1-3 سے شکست دی، گھانا نے ٹورنٹو میں پاناما کو سنسنی خیز مقابلے کے بعد 0-1 سے ہرایا جبکہ انگلینڈ نے ڈلاس میں کروشیا کو 2-4 سے شکست دے کر اپنی مہم کا کامیاب آغاز کیا۔

NSD

RYTHU BHAROSA

تلنگانہ حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ رعیّتو بھروسہ اسکیم کے تحت مالی امداد 30 جون کو جاری کی جائے۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی ضلع کھمم کے مدھیرا میں منعقدہ ایک عوامی جلسہ کے دوران اس مالی امداد کی باضابطہ تقسیم کا آغاز کریں گے۔ حکومت کا ہدف ہے کہ مانسون فصلوں کے لئے مختص یہ رقم دس دن

کے اندر اہل کسانوں کے بینک کھاتوں میں منتقل کردی جائے۔ یہ فیصلہ سکریٹریٹ میں چیف منسٹر کی صدارت میں منعقدہ ایک خصوصی اعلیٰ سطحی اجلاس میں کیا گیا جس میں حیدرآباد میٹرو ریل کی توسیع، دھان کی خریداری، وی بی جی رام جی اسکیم اور ریاست کے حوالہ سے مرکزی حکومت کے موقف جیسے اہم امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

PTC/HYD

KAVITHA

سابق رکن پارلیمنٹ اور تلنگانہ رکشنا سینا کی ریاستی صدر کے کویتا نے اس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ ریاست کے قیام کے بعد بھی حقوق کے لئے جدوجہد کرنی پڑ رہی ہے۔ کریم نگر کے دورہ کے دوران انہوں نے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کو خراجِ عقیدت پیش کیا اور تلنگانہ کارکنوں کی امنگوں پر ایک گول میز کانفرنس کی قیادت کی۔ انہوں نے پون کلیان کے ماضی کے تلنگانہ مخالف بیانات کے حوالہ سے ان پر غداری کا مقدمہ درج کرنے کا مطالبہ کیا۔ کویتا نے موجودہ حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اقتدار میں 30 ماہ گزرنے کے باوجود تلنگانہ کارکنوں اور شہداء کو نظرانداز کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کریم نگر کے تلنگانہ چوک سے تلنگانہ تلی کے مجسمے کو ہٹانے کی بھی مذمت کی اور اسے خطے کے بنیادی جذبات کی توہین قرار دیا۔

N. Ramchander Rao

تلنگانہ میں بی جے پی کے صدر رام چندر راؤ نے پارٹی کے قومی صدر نتن نبین سے ملاقات کرتے ہوئے انہیں جاریہ مہینہ کے آخری ہفتہ میں پارٹی کی ریاستی عاملہ کے اجلاس میں شرکت کی دعوت دی۔ اس ملاقات کے دوران دونوں قائدین نے تلنگانہ میں موجودہ سیاسی صورتحال اور آنے والے دنوں میں پارٹی کی حکمتِ عملی اور تنظیم سرگرمیوں پر تبادلہ خیال کیا۔

Desk

VP- Nasha Mukt

نائب صدر جمہوریہ اور دہلی یونیورسٹی کے چانسلر سی پی رادھا کرشنن نے نشہ مکت پریسر ابھیان کے تحت یونیورسٹی کی پیشرفت کی ستائش کی۔ انہوں نے کہا کہ اس سال کے اوائل میں مہم کے آغاز کے بعد سے 53 ہزار طلبہ نے منشیات کے خلاف عہد لیا ہے۔

NSD

Nasha Mukt - Bharat

نارکوٹکس کنٹرول بیورو کے زونل ڈائرکٹر پی یشونت نے کہا ہے کہ نشہ مُکت بھارت کے ہدف کو حاصل کرنے کے لئے مرکزی حکومت کے تمام پروگراموں کو مکمل طور پر نافذ کیا جارہا ہے۔ انہوں نے آج خصوصی طور پر آکاشوانی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ منشیات کے استعمال کی روک تھام، عوام میں بیداری پیدا کرنے اور نوجوانوں کو نشہ سے دور رکھنے کے لئے مختلف پروگرام مؤثر انداز میں چلائے جارہے ہیں۔

Sound Byte

Desk

Briefing

حکومت نے کہا ہے کہ تمام ریفائنریز اپنی بھرپور گنجائش کے مطابق کام کررہی ہیں جبکہ پٹرول اور ڈیزل کا کافی اسٹاک برقرار رکھا جارہا ہے۔ پٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت نے جوائنٹ سکریٹری شجاتا شرما نے آج دہلی میں بتایا کہ گزشتہ تین دن کے دوران 1.36 کروڑ ایل پی جی سلنڈرس کی بکنگ ہوئی جبکہ 1.47 کروڑ سلنڈرس فراہم کئے گئے۔

NSD

Cargo

بندرگاہوں اور جہاز رانی کی وزارت کے ڈائرکٹر اوپیش کمار شرما نے کہا ہے کہ ایل اینڈ جی مالبردار جہاز دِشا کل صبح گجرات کے دہیج بندرگاہ پر لنگرانداز ہوگا۔ یہ جہاز 62 ہزار 370 میٹرک ٹن کارگو لا رہا ہے۔اس جہاز نے پیرکوآبنائے ہرمز کو پار کیا۔

Sound Byte

NSD

❍❍